442

آیت نمبر 26

آیات نمبر 26 تا 36 میں مشرکین کو تنبیہ کہ قیامت کہ دن گمراہ سردار اور ان کے پیروکار سب جہنم میں ہوں گے اور ایک دوسرے پر لعنت کریں گے۔ اس روز فرشتے اہل ایمان کے پاس اللہ کی ابدی نعمتوں کی بشارت لے کر آئیں گے۔ رسول اللہ (ﷺ) کو تسلی کہ آپ ایک اعلیٰ اور پاکیزہ دعوت لے کر اٹھے ہیں اگر یہ نادان لوگ آپ کی مخالفت کرتے ہیں تو آپ عفو و درگزر اور حکمت سے کام لیں۔ اگر کبھی شیطان وسوسہ اندازی کرے تو اللہ کی پناہ طلب کریں

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ الْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿٢٦﴾ اور یہ کافر آپس میں کہتے ہیں کہ اس قرآن کو سنا ہی نہ کرو اور جب یہ سنایا جائے تو شور و غل مچایا کرو تاکہ اس طرح تم غالب رہو

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ سو ہم ان کافروں کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے اور یقیناً ان کے کئے ہوئے بدترین اعمال کا پورا پورا بدلہ دیں گے

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿٢٨﴾ اور اللہ کے دشمنوں کا بدلہ وہ آگ ہے جہاں یہ ہمیشہ رہیں گے، انہیں یہ بدلہ اس وجہ سے دیا جائے گا کہ وہ ہماری آیات کا انکار کرتے تھے

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَاۤ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٢٩﴾ اور اس دن یہ کفار کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں جنات اور

انسانوں کے وہ گروہ دکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا تاکہ انہیں خوب ذلیل
کرنے کے لئے ہم انہیں اپنے پیروں تلے روند ڈالیں اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا
اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَ
اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝٣٠ اس کے برعکس بلاشبہ جن لوگوں
نے اقرار کیا کہ اللہ ہی ہمارا رب ہے اور پھر اپنے قول و فعل سے اس پر قائم بھی رہے
تو ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ نہ تو کسی قسم کا خوف اپنے دل
میں لاؤ اور نہ غمگین ہو اور اس جنت کے حصول پر خوش ہو جاؤ جس کا تم سے وعدہ کیا
گیا ہے نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ ہم دنیا کی
زندگی میں بھی تمہارے دوست اور مددگار ہیں اور آخرت میں بھی وَلَكُمْ فِيْهَا مَا
تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝٣١ؕ اور جنت میں تمہیں ہر وہ نعمت
ملے گی جس کی تم خواہش کرو گے اور جو چیز تم اللہ سے مانگو گے وہ تمہیں مل جائے گی
نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝٣٢ۧ تمہاری یہ مہمان نوازی اللہ کی جانب سے ہے جو بہت
بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے رکوع [۴] وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ
اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝٣٣ اور اس شخص کی
بات سے اچھی بات کس کی ہو سکتی ہے جو لوگوں کو اللہ کی طرف بلائے اور خود بھی
نیک کام کرتا رہے اور یہ کہے کہ میں اللہ کے فرمانبرداروں میں سے ہوں وَلَا
تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ

بَيْنَكَ وَ بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ نیکی اور بدی برابر نہیں ہو سکتی اور
اگر کوئی برائی کرے تو اس کا جواب بھلائی سے دو، اگر ایسا کرو گے تو تم دیکھو گے کہ
جس شخص کے ساتھ تمہاری عداوت تھی وہ یکایک تمہارا مخلص دوست بن گیا وَ مَا
يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَ مَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ یہ مقام تو
صرف صبر کرنے والوں ہی کو ملتا ہے اور اس کی توفیق خوش نصیبوں ہی کو حاصل ہوتی
ہے وَ اِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾ اور اگر شیطان کی طرف سے تمہارے دل میں کوئی وسوسہ
پیدا ہو تو اللہ سے پناہ طلب کرو، بلاشبہ وہ سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے

شیطان برائی کا جواب بھلائی سے دینے کی بجائے ہمیشہ دل میں وسوسہ ڈال کر انتقام لینے کی ترغیب
دے گا

[#442]

Verses 26 to 36 warn the polytheists that on the Day of Judgment, the misguided leaders and their followers will all be in Hell, cursing one another. On that day, the angels will bring glad tidings of Allah's eternal blessings to the believers. The Prophet Muhammad [peace be upon him] is reassured that he has been sent with a noble and pure message. If the ignorant oppose him, he is encouraged to respond with patience, forgiveness, and wisdom. Furthermore, if ever Satan attempts to incite whispers, one should seek refuge in Allah for protection.

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ
الْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿٢٦﴾

And those who disbelieve say [among themselves], 'Do not listen to this Quran, and [when it is recited], [speak loudly to] create noise so that you may prevail [against it].'

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّ
لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾

So, We shall certainly make those who disbelieve taste a severe torment, and We shall surely recompense them in accordance with the very worst they ever did.

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ
جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾

And that is the recompense for the enemies of Allah: The Fire [of Hell]. For them therein is eternal abode. A [befitting] recompense for their persistent denial of Our [revealed] signs.

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ
الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ
الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾

And [in Hell] those who disbelieved shall say, 'Our Lord! Show us those among the jinn and humans who led us astray. We will put them under our feet so that they may become among the lowest [in Hell.]

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ
عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَ اَبْشِرُوْا
بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿٣٠﴾

Indeed, [in contrast] those who say, 'Allah is our Lord,' and then remained steadfast, angels descend upon them, saying, 'Have no fear and do not grieve! Rather receive the glad tidings of the Gardens [of Paradise], that you were promised.'

نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ

We are your supporters in the worldly life and also in the Hereafter.

لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾

And for you therein is all that your souls desire, and for you therein is all that you may ask.

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ رکوع [۴]

[This is your] gift of welcome from [Allah], Most Forgiving, Ever Merciful.

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّ
قَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾

And whose words are better than the one, who invites [others] to Allah, does righteous deeds, and says, 'Indeed, I am among the Muslims [those who submit themselves to Allah.]'?

وَ لَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَ لَا السَّیِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ
اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ
حَمِیْمٌ ﴿۳۴﴾

And good deed and evil deed cannot be equal. Repel evil with something which is better, [and if you do so], you will see that the one with whom you had enmity will become as though he were your close and sincere friend.

وَ مَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ وَ مَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ
عَظِیْمٍ ﴿۳۵﴾

And no one shall attain this [wisdom] except those who are patient [in adversity] and no one shall attain this but only those who are truly fortunate.

وَ اِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ
اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾

And if an [evil] whisper from Satan stirs up in your heart, then seek refuge with Allah. Indeed, He is All-Hearing, All-Knowing.

Satan will always instill whispers in the heart, encouraging retaliation instead of responding to evil with goodness.